مطبوعات

وحی محمدی | تالیف علامہ سید رشید رضا ترجمہ عبدالرزاق ملیح آبادی ضخامت ۵۰۰ صفحات قیمت دو روپیہ کتاب خانہ دارالاشاعت ۱۱ بو بازار اسٹریٹ کلکتہ۔

علامہ موصوف نے یہ کتاب اس نیت سے لکھی ہے کہ موجودہ تہذیب کی مالک قوموں اور ان کا اتباع کرنے والوں پر عقلی دلایل سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا رسول خدا ہونا اور منزل من اللہ ہونا ثابت کریں اور قرآن کے دینی اجتماعی، سیاسی، مالی، جنگی اور امنی اصول و قواعد بیان کرکے یہ حقیقت ان کے ذہن نشین کردیں کہ اسلام کے سوا کوئی مذہب اور کوئی نظام تمدن انسان کی دینی و دنیوی فلاح کا جامع اور ضامن نہیں ہے۔ فاضل مصنف اپنی روشن خیالی اور وسعت نظر کے لیے دنیا میں مشہور ہیں۔ انہوں نے اس کتاب میں اسلام کی ایک صحیح اور مکمل تصویر ایسے رنگ و روغن کے ساتھ پیش کی ہے جو نئے زمانے کے دماغوں کو اپیل کرسکتا ہے۔

تاریخ القرآن | تالیف مولانا مفتی عبداللطیف صاحب رحمانی استاذ کلیہ جامعہ عثمانیہ ضخامت ۷۶ صفحات قیمت ۴ر مکتبۂ سیفیہ۔ مونگیر (بہار)۔

اس کتاب میں ان تمام شبہات کو جو قرآن مجید کی ترتیب و تدوین پر پیش کیے جاتے ہیں نقل کرکے ناقابل تردید دلائل سے رد کیا گیا ہے، اور قوی شہادتوں سے ثابت کردیا گیا ہے کہ قرآن مجید جیسا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا تھا، ویسا ہی ہم تک پہنچا ہے نہ اس کا ایک لفظ کم ہوا، نہ اس میں ایک لفظ کا اضافہ ہوا، اور نہ وہ ترتیب بدلی جو خود آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قائم فرمائی تھی۔

البینات | مرتبہ جناب محمد سلیم صاحب ضخامت ۳۲۹ صفحات قیمت دو روپیہ دفتر البینات۔ امراؤتی (برار)

اس کتاب میں عقائد، عبادات، معاملات، اخلاق، معیشت، معاشرت، سیاست وغیرہ مسائل کے متعلق